سوال

(74) کیسٹ وغیرہ پر آیت سجدہ سن کر سجدہ کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیسٹ یا سی ڈی پر قرآن سنتے وقت کیا سجدہ تلاوت ویسے ہی لازم ہے جیسے کہ ہمارے سامنے بیٹھ کر قرآن پڑھ رہا ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

تلاوت بھی ایک عبادت ہے، جس کے لیے عابد، یعنی قاری کا ہونا ضروری ہے، یعنی اگر ایک شخص اس عبادت میں مصروف ہو تو وہ سجدہ تلاوت پر نہ صرف خود سجدہ کرے گا بلکہ سننے والا بھی سجدہ کرے گا، بالکل ایسے ہی جیسے امام نماز پڑھا رہا ہو تو اس کی متابعت کی جاتی ہے لیکن اگر نماز کی کیسٹ لگی ہو تو اس کی اقتداء میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے اور نہ سجدہ تلاوت ہی کرنا، علاوہ ازیں عبادت میں نیت کا پایا جانا ضروری ہے جو کہ کیسٹ کی تلاوت میں مفقود ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

متفرق مسائل، صفحہ: 408

محدث فتویٰ